13/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ریاست میں اب تک 24.75 لاکھ میٹرک ٹن دھان کی خریداری

لکھنؤ: ۱۳/ دسمبر ۲۰۲۱ء-

اترپردیش حکومت نے کاشتکاروں کو انکی پیداوار کی سہارا قیمت اسکیم کے مطابق یا اس سے زائد دلانے کے مقصد سے کاشتکاروں سے براہ راست دھان کی خریداری کرتے ہوئے خریف خریداری سال 22-2021 میں اب تک مختلف خرید مراکز کے توسط سے 2475982.20 میٹرک ٹن دھان کاشتکاروں سے خریدا گیا ہے۔

محکمۂ غذااور سد کے ذریعہ دی گئی معلومات کے مطابق آج 145979.23 میٹرک ٹن خریداری ہوئی ہے۔ اس اسکیم سے اب تک 349115 کاشتکار مستفید ہوئے ہیں اور قریب 3022.806 کروڑ روپئے کی ادائیگی انکے اکاؤنٹ میں کیا گیا ہے۔ کامن دھان 1940 روپئے فی کوئنٹل اور گریڈ-اے دھان 1960 روپئے فی کوئنٹل کی شرح سے خریداری کی جارہی ہے۔ ریاستی حکومت کے ذریعہ اس خریف خریداری سال کے تحت 70 لاکھ میٹرک ٹن دھان خریداری کو ہدف طے کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆